بہت اہم چیز ہے محرم اور نامحرم کی جامع تفصیل

ص ۱

سمیع اللہ حقانی عفی عنہ

دار الافتاء

## السوال

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مفتی صاحب امید ہے کہ مزاج گرامی بخیریت ہوں گے اللہ رب العزت عافیت کے ساتھ آپ کا سایہ ہمارے سروں پر تادیر قائم رکھے اور آپ کے علم، عمل، عمر اور صحت میں برکت عطا فرمائے۔

گزارش یہ ہے کہ محرم اور نامحرم رشتہ داروں کی نشاندہی فرمادیں بایں طور کہ مردوں کیلئے کون سی خواتین رشتہ دار محرم اور کون سی خواتین رشتہ دار نامحرم ہیں اور اسی طرح خواتین کیلئے کون سے مرد رشتہ دار محرم اور کون سے نامحرم ہیں؟

براہ کرم تفصیلی جواب عنایت فرما کر ممنون ومشکور فرمائیں۔

المستفتی

(عارف باللہ، حافظ شاہ) محمد احمد (صاحب دامت برکاتہم العالیہ)

## الجواب بعون الملك الوهاب

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ نے بہت ہی اہم کام کی فرمائش کی ہے، اللہ پاک آپ کو جزائے خیر عطاء فرمائے اور دین عالی متین کی خدمت میں لگائے رکھے۔ محرم، نامحرم کی تفصیل مختلف کتابوں میں بکھری ہوئی تھی، لہذا ضرورت تھی کہ کون کون سے رشتہ دار محرم ہیں اور کون کون سے نامحرم، ان کو ایک جگہ جمع کردیا جائے تاکہ پردہ "جو کہ فرض ہے" اس پر عمل کرنا آسان ہوجائے۔

چنانچہ اس سلسلے میں چند اصولی باتیں سمجھ لیں تاکہ محرم ونامحرم کی فہرست کو سمجھنا بھی آسان ہوجائے۔

(۱) محرم اس رشتہ دار کو کہا جاتا ہے جس سے نکاح ہمیشہ کیلئے حرام ہو اور نامحرم وہ رشتہ دار ہوتا ہے جس سے نکاح حلال ہو یا عارضی طور پر حرام ہو، جو رشتہ دار نامحرم ہیں ان سے پردہ کرنا خواتین پر فرض ہے۔

(۲) کسی بھی انسان کے اصول وفروع اس کیلئے محرم ہیں۔

(۳) نسبی رشتوں میں حقیقی، ماں شریک، باپ شریک تینوں داخل ہیں، جیسے ماں شریک یا باپ شریک بھائی، بہن، پھوپھی، خالہ وغیرہ البتہ ماں شریک پھوپھی کی پھوپھی اور باپ شریک خالہ کی خالہ نامحرم ہیں۔

(۴) نسبی رشتہ دار نامحرم ہو تو سوتیلا رشتہ دار بطریق اولی نامحرم ہوگا، جیسے سگا خالو نامحرم ہے تو سوتیلا خالو بھی نامحرم ہوگا۔

(۵) جو نسبی رشتہ دار محرم ہو، وہ رضاعت کی بنیاد پر بھی محرم ہوگا، جیسے رضائی ماموں، رضائی چچا، رضائی بھانجا وغیرہ سوائے سگے بھائی کی رضائی بہن، رضائی بھائی کی سگی بہن اور رضائی بھائی کی رضائی بہن۔

(۶) رضائی دادا وغیرہ میں یہ تینوں صورتیں داخل ہیں خواہ حقیقی والد کے رضائی والد ہوں یا رضائی والد کے حقیقی والد یا رضائی والد کے رضائی والد۔

(۷) اسی طرح جہاں باپ شریک یا ماں شریک کی تفصیل چلتی ہو وہاں مزید رشتے بھی رضائی کہلائیں گے، مثلاً رضائی چچا، اس میں یہ سب داخل ہیں رضائی والد کے حقیقی، باپ شریک یا ماں شریک بھائی، اسی طرح حقیقی والد کے رضائی بھائی۔

(۸) نکاح کی وجہ سے جس طرح زوجین (شوہر اور بیوی) ایک دوسرے کیلئے حلال ہوجاتے ہیں، اسی طرح ساس، سسر، داماد، بہو بھی محرم ہوجاتے ہیں اگرچہ پہلے نامحرم ہوں۔

Scanned with CamScanner

Scanned with CamScanner

# خواتین کے محرم مرد رشتہ دار (جن سے پردہ نہیں)

| نمبر شمار | رشتہ | وضاحت | حوالہ |
| --- | --- | --- | --- |
| ۱ | نسبی ورضاعی والد | نسبی سے مراد سگے والد ہیں | نجم الفتاویٰ ۴ / ۴۱۵ |
| ۲ | سوتیلا والد | ماں کا شوہر جبکہ دخول ہو چکا ہو | آپ کے مسائل اور ان کا حل ۵ / ۱۰۲ |
| ۳ | شوہر | | |
| ۴ | نسبی ورضاعی بیٹا | نسبی سے مراد سگا بیٹا ہے | نجم الفتاویٰ ۴ / ۴۱۵ |
| ۵ | سوتیلا بیٹا | شوہر کا بیٹا | نجم الفتاویٰ ۴ / ۴۱۱ |
| ۶ | نسبی ورضاعی بھائی | نسبی سے مراد سگے، ماں شریک یا باپ شریک بھائی ہیں | فتاویٰ محمودیہ ۱۱ / ۳۳۹ |
| ۷ | نسبی ورضاعی دادا | نسبی ورضاعی والد کے والد | نجم الفتاویٰ ۴ / ۴۱۵ |
| ۸ | نسبی ورضاعی نانا | نسبی ورضاعی والدہ کے والد | نجم الفتاویٰ ۴ / ۴۱۵ |
| ۹ | نسبی ورضاعی پوتا | بیٹے/بہو کا نسبی ورضاعی بیٹا | نجم الفتاویٰ ۴ / ۴۱۵ |
| ۱۰ | نسبی ورضاعی نواسہ | بیٹی/داماد کا نسبی ورضاعی بیٹا | نجم الفتاویٰ ۴ / ۴۱۵ |
| ۱۱ | نسبی ورضاعی چچا/تایا | نسبی ورضاعی والد کے بھائی | فتاویٰ محمودیہ ۱۱ / ۳۴۷ |
| ۱۲ | نسبی ورضاعی ماموں | نسبی ورضاعی والدہ کے بھائی | فتاویٰ محمودیہ ۱۱ / ۳۴۶ |
| ۱۳ | نسبی ورضاعی بھتیجا | نسبی ورضاعی بھائی کا بیٹا | آپ کے مسائل اور ان کا حل ۵ / ۲۹۹ |
| ۱۴ | نسبی ورضاعی بھانجا | نسبی ورضاعی بہن کا بیٹا | نجم الفتاویٰ ۴ / ۴۰۸ |
| ۱۵ | بھتیجے، بھتیجی کا بیٹا | بھائی کا پوتا، نواسہ | فتاویٰ حقانیہ ۴ / ۳۴۸ |
| ۱۶ | بھانجے، بھانجی کا بیٹا | بہن کا پوتا، نواسہ | نجم الفتاویٰ ۴ / ۴۰۷ |
| ۱۷ | دادی کا بھائی | والد کے ماموں | نجم الفتاویٰ ۴ / ۴۱۰ |
| ۱۸ | نانی کا بھائی | والدہ کے ماموں | فتاویٰ محمودیہ ۱۱ / ۳۱۳ |
| ۱۹ | دادا کا بھائی | والد کے چچا/تایا | نجم الفتاویٰ ۴ / ۴۱۰ |
| ۲۰ | نانا کا بھائی | والدہ کے چچا/تایا | نجم الفتاویٰ ۴ / ۴۱۰ |
| ۲۱ | سسر/خسر | شوہر/بیوی کے والد | نجم الفتاویٰ ۴ / ۴۴۲ |
| ۲۲ | داماد | بیٹی کا شوہر | نجم الفتاویٰ ۴ / ۴۰۹ |
| ۲۳ | شوہر کے نانا | ساس کے والد | نجم الفتاویٰ ۴ / ۴۴۲ |
| ۲۴ | شوہر کے دادا | سسر کے والد | نجم الفتاویٰ ۴ / ۴۴۲ |
| ۲۵ | پوتی کا شوہر | بیٹے/بہو کا داماد | نجم الفتاویٰ ۴ / ۴۴۲ |
| ۲۶ | نواسی کا شوہر | بیٹی/داماد کا داماد | نجم الفتاویٰ ۴ / ۴۴۲ |
| ۲۷ | پردادا | دادا کے والد/والد کے دادا | فتاویٰ شامی ۴ / ۱۰۸ |
| ۲۸ | پرنانا | نانا کے والد/والدہ کے نانا | فتاویٰ شامی ۴ / ۱۰۸ |
| ۲۹ | پوتے، پوتی کا بیٹا | بیٹے کا پوتا، نواسہ | فتاویٰ شامی ۴ / ۱۰۸ |
| ۳۰ | نواسے، نواسی کا بیٹا | بیٹی کا پوتا، نواسہ | فتاویٰ شامی ۴ / ۱۰۸ |

Scanned with CamScanner
Scanned with CamScanner

# مردوں کی محرم خواتین رشتہ دار (جن سے پردہ نہیں ہے)

| نمبر شمار | رشتہ | وضاحت | حوالہ |
|---|---|---|---|
| ۱ | نسبی و رضاعی والدہ | نسبی سے مراد سگی والدہ ہیں | نجم الفتاوی ۴ / ۴۱۵ |
| ۲ | سوتیلی والدہ | باپ کی منکوحہ | نجم الفتاوی ۴ / ۴۱۱ |
| ۳ | بیوی | | |
| ۴ | نسبی و رضاعی بیٹی | نسبی سے مراد سگی بیٹی ہے | آپ کے مسائل اور ان کا حل ۵ / ۱۳۵ |
| ۵ | سوتیلی بیٹی | ربیبہ یعنی بیوی کے پہلے شوہر سے بیٹی جبکہ دخول ہو چکا ہو | نجم الفتاوی ۴ / ۳۷۱ |
| ۶ | نسبی و رضاعی بہن | نسبی سے مراد سگی، ماں شریک یا باپ شریک بہنیں ہیں | نجم الفتاوی ۴ / ۴۱۸ |
| ۷ | نسبی و رضاعی دادی | نسبی و رضاعی والد کی والدہ | نجم الفتاوی ۴ / ۴۱۵ |
| ۸ | نسبی و رضاعی نانی | نسبی و رضاعی والدہ کی والدہ | نجم الفتاوی ۴ / ۴۱۵ |
| ۹ | نسبی و رضاعی پوتی | بیٹے / بہو کی نسبی و رضاعی بیٹی | نجم الفتاوی ۴ / ۴۱۵ |
| ۱۰ | نسبی و رضاعی نواسی | بیٹی / داماد کی نسبی و رضاعی بیٹی | نجم الفتاوی ۴ / ۴۱۵ |
| ۱۱ | نسبی و رضاعی پھوپھی | نسبی و رضاعی والد کی بہن | امداد الفتاوی ۲ / ۳۲۶ |
| ۱۲ | نسبی و رضاعی خالہ | نسبی و رضاعی والدہ کی بہن | فتاوی محمودیہ ۱۱ / ۳۳۸ |
| ۱۳ | نسبی و رضاعی بھتیجی | نسبی و رضاعی بھائی کی بیٹی | فتاوی محمودیہ ۱۱ / ۳۴۰ |
| ۱۴ | نسبی و رضاعی بھانجی | نسبی و رضاعی بہن کی بیٹی | فتاوی محمودیہ ۱۱ / ۳۴۲ |
| ۱۵ | بھتیجے یا بھتیجی کی بیٹی | بھائی کی پوتی، نواسی | فتاوی حقانیہ ۴ / ۳۴۸ |
| ۱۶ | بھانجے یا بھانجے کی بیٹی | بہن کی پوتی، نواسی | نجم الفتاوی ۴ / ۴۰۷ |
| ۱۷ | دادی کی بہن | والد کی خالہ | نجم الفتاوی ۴ / ۴۱۰ |
| ۱۸ | نانی کی بہن | والدہ کی خالہ | نجم الفتاوی ۴ / ۴۱۰ |
| ۱۹ | دادا کی بہن | والد کی پھوپھی | نجم الفتاوی ۴ / ۴۱۰ |
| ۲۰ | نانا کی بہن | والدہ کی پھوپھی | نجم الفتاوی ۴ / ۴۱۰ |
| ۲۱ | ساس | شوہر / بیوی کی والدہ | نجم الفتاوی ۴ / ۴۰۹ |
| ۲۲ | بہو | بیٹے کی بیوی | نجم الفتاوی ۴ / ۴۱۱ |
| ۲۳ | بیوی کی نانی | ساس کی والدہ | نجم الفتاوی ۴ / ۴۴۲ |
| ۲۴ | بیوی کی دادی | سسر کی والدہ | نجم الفتاوی ۴ / ۴۴۲ |
| ۲۵ | پوتے کی بیوی | بیٹے / بہو کی بہو | نجم الفتاوی ۴ / ۴۴۲ |
| ۲۶ | نواسے کی بیوی | بیٹی / داماد کی بہو | نجم الفتاوی ۴ / ۴۴۲ |
| ۲۷ | پردادی | دادی کی والدہ / والد کی دادی | فتاوی عالمگیریہ ۱ / ۲۷۳ |
| ۲۸ | پرنانی | نانی کی والدہ / والدہ کی نانی | فتاوی عالمگیریہ ۱ / ۲۷۳ |
| ۲۹ | پوتے، پوتی کی بیٹی | بیٹے کی پوتی، نواسی | فتاوی عالمگیریہ ۱ / ۲۷۳ |
| ۳۰ | نواسے، نواسی کی بیٹی | بیٹی کی پوتی، نواسی | فتاوی عالمگیریہ ۱ / ۲۷۳ |

Scanned with CamScanner

Scanned with CamScanner

# خواتین کے غیر محرم مرد رشتہ دار (جن سے پردہ فرض ہے)

| نمبر شمار | رشتہ | وضاحت | حوالہ |
|---|---|---|---|
| ۱ | نسبی (سگے) ورضاعی پھوپھا | نسبی ورضاعی والد کے بہنوئی | کتاب النوازل ۱۵/ ۴۷۹ |
| ۲ | نسبی (سگے) ورضاعی خالو | نسبی ورضاعی والدہ کے بہنوئی | کتاب النوازل ۱۵/ ۴۷۹ |
| ۳ | سوتیلے چچا | سوتیلے والد کا بھائی/ والدہ کے شوہر کا بھائی | |
| ۴ | سوتیلے ماموں | سوتیلی والدہ کا بھائی/ والد کی منکوحہ کا بھائی | |
| ۵ | سوتیلا بھائی | سوتیلے والد (والدہ کے شوہر) کا بیٹا | فتاوی قاسمیہ ۱۳/ ۱۶۳ |
| ۶ | چچازاد بھائی | چچا کے بیٹے | آپ کے مسائل اوران کا حل ۸/ ۴۶ |
| ۷ | ماموں زاد | ماموں کے بیٹے | آپ کے مسائل اوران کا حل ۴/ ۳۱۸ |
| ۸ | خالہ زاد | خالہ کے بیٹے | آپ کے مسائل اوران کا حل ۸/ ۴۶ |
| ۹ | پھوپھی زاد | پھوپھی کے بیٹے | فتاوی قاسمیہ ۱۲/ ۱۶۹ |
| ۱۰ | بہنوئی | بہن کا شوہر | آپ کے مسائل اوران کا حل ۸/ ۶۴ |
| ۱۱ | بھتیجی کا شوہر | بھائی کا داماد | آپ کے مسائل اوران کا حل ۸/ ۴۳ |
| ۱۲ | بھانجی کا شوہر | بہن کا داماد | آپ کے مسائل اوران کا حل ۸/ ۴۳ |
| ۱۳ | شوہر کی بھتیجی کا شوہر | دیور/جیٹھ کا داماد | آپ کے مسائل اوران کا حل ۸/ ۴۳ |
| ۱۴ | شوہر کی بھانجی کا شوہر | نند کا داماد | آپ کے مسائل اوران کا حل ۸/ ۴۳ |
| ۱۵ | سمدھی | بیٹے، بیٹی کا سسر/ داماد، بہو کے والد | آپ کے مسائل اوران کا حل ۵/ ۸۶ |
| ۱۶ | دیور/جیٹھ | شوہر کا چھوٹا/ بڑا بھائی | آپ کے مسائل اوران کا حل ۸/ ۵۲ |
| ۱۷ | سوتیلا سسر | شوہر/ بیوی کے سوتیلے والد | |
| ۱۸ | بھائی کا سسر | بھابھی/ بھاوج کے والد | |
| ۱۹ | بہن کا سسر | بہنوئی کے والد | |
| ۲۰ | شوہر کے خالو | ساس کے بہنوئی | دارالعلوم دیوبند فتوی نمبر: ۱۶۱۰۴۲ |
| ۲۱ | شوہر کے ماموں | ساس کے بھائی | دارالعلوم دیوبند فتوی نمبر: ۱۶۱۰۴۲ |
| ۲۲ | شوہر کے پھوپھا | سسر کے بہنوئی | دارالعلوم دیوبند فتوی نمبر: ۱۶۱۰۴۲ |
| ۲۳ | شوہر کے چچا/ تایا | سسر کے بھائی | دارالعلوم دیوبند فتوی نمبر: ۱۶۱۰۴۲ |
| ۲۴ | شوہر کا بھتیجا | شوہر کے بھائی کا بیٹا | دارالعلوم دیوبند فتوی نمبر: ۱۶۱۰۴۲ |
| ۲۵ | شوہر کا بھانجا | شوہر کی بہن (نند) کا بیٹا | دارالعلوم دیوبند فتوی نمبر: ۱۶۱۰۴۲ |
| ۲۶ | نندوئی | نند (شوہر کی بہن) کا شوہر | احسن الفتاوی ۸/ ۴۴ |
| ۲۷ | بہو کے دادا | سمدھی (بیٹے کے سسر) کے والد | آپ کے مسائل اوران کا حل ۵/ ۸۶ |
| ۲۸ | بہو کے نانا | سمدھی (بیٹے کے سسر) کے سسر | آپ کے مسائل اوران کا حل ۵/ ۸۶ |
| ۲۹ | داماد کے دادا | سمدھی (بیٹی کے سسر) کے والد | آپ کے مسائل اوران کا حل ۵/ ۸۶ |
| ۳۰ | داماد کے نانا | سمدھی (بیٹی کے سسر) کے سسر | آپ کے مسائل اوران کا حل ۵/ ۸۶ |

Scanned with CamScanner

Scanned with CamScanner

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۱ | بہو کا بھائی | بیٹے کا برادر نسبتی/ سمدھی کا بیٹا | آپ کے مسائل اور ان کا حل ۵ / ۸۶ |
| ۳۲ | بہو کے خالو | سمدھی (بیٹے کے سسر) کے ہم زلف | آپ کے مسائل اور ان کا حل ۵ / ۸۶ |
| ۳۳ | بہو کے ماموں | سمدھی (بیٹے کے سسر) کے برادر نسبتی | آپ کے مسائل اور ان کا حل ۵ / ۸۶ |
| ۳۴ | بہو کے پھوپھا | سمدھی (بیٹے کے سسر) کے بہنوئی | آپ کے مسائل اور ان کا حل ۵ / ۸۶ |
| ۳۵ | بہو کے چچا/ تایا | سمدھی (بیٹے کے سسر) کے بھائی | آپ کے مسائل اور ان کا حل ۵ / ۸۶ |
| ۳۶ | بہو کا بھتیجا | سمدھی کا پوتا | آپ کے مسائل اور ان کا حل ۵ / ۸۶ |
| ۳۷ | بہو کا بھانجا | سمدھی کا نواسہ | آپ کے مسائل اور ان کا حل ۵ / ۸۶ |
| ۳۸ | متبنیٰ | منہ بولا بیٹا | آپ کے مسائل اور ان کا حل ۸ / ۷۲ |
| ۳۹ | منہ بولا بھائی | | آپ کے مسائل اور ان کا حل ۸ / ۷۲ |
| ۴۰ | منہ بولے والد | | آپ کے مسائل اور ان کا حل ۸ / ۷۲ |

## مردوں کی غیر محرم خواتین رشتہ دار (جن سے پردہ فرض ہے)

| نمبر شمار | رشتہ | وضاحت | حوالہ |
|---|---|---|---|
| ۱ | نسبی و رضاعی چاچی/ تائی | والد کی بھاوج/ بھابھی | فتاوی محمودیہ ۱۱ / ۲۷۳ |
| ۲ | نسبی و رضاعی ممانی | والدہ کی بھاوج/ بھابھی | نجم الفتاوی ۴ / ۳۶۱ |
| ۳ | سوتیلی پھوپھی | سوتیلے والد کی بہن/ والدہ کے شوہر کی بہن | نجم الفتاوی ۴ / ۳۷۲ |
| ۴ | سوتیلی خالہ | سوتیلی والدہ کی بہن/ والد کی منکوحہ کی بہن | نجم الفتاوی ۴ / ۳۷۸ |
| ۵ | سوتیلی بہن | سوتیلی والدہ کی بیٹی | فتاوی قاسمیہ ۱۳ / ۱۶۳ |
| ۶ | چچا زاد بہن | چچا کی بیٹی | نجم الفتاوی ۴ / ۳۸۵ |
| ۷ | ماموں زاد بہن | ماموں کی بیٹی | فتاوی محمودیہ ۱۱ / ۲۵۹ |
| ۸ | خالہ زاد بہن | خالہ کی بیٹی | نجم الفتاوی ۴ / ۳۸۵ |
| ۹ | پھوپھی زاد بہن | پھوپھی کی بیٹی | فتاوی محمودیہ ۱۱ / ۲۵۹ |
| ۱۰ | بھابھی/ بھاوج | بڑے/ چھوٹے بھائی کی بیوی | نجم الفتاوی ۴ / ۳۸۴ |
| ۱۱ | بھتیجے کی بیوی | بھائی کی بہو | آپ مسائل اور ان کا حل ۵ / ۹۱ |
| ۱۲ | بھانجے کی بیوی | بہن کی بہو | آپ مسائل اور ان کا حل ۵ / ۹۱ |
| ۱۳ | بیوی کے بھتیجے کی بیوی | برادر نسبتی (سالے) کی بہو | آپ مسائل اور ان کا حل ۵ / ۹۱ |
| ۱۴ | بیوی کے بھانجے کی بیوی | سالی کی بہو | آپ مسائل اور ان کا حل ۵ / ۹۱ |
| ۱۵ | سمدھن | بیٹے، بیٹی کی ساس/ داماد، بہو کی والدہ | نجم الفتاوی ۴ / ۳۸۵ |
| ۱۶ | سالی | بیوی کی بہن | نجم الفتاوی ۴ / ۳۸۵ |
| ۱۷ | سوتیلی ساس | شوہر/ بیوی کی سوتیلی والدہ | نجم الفتاوی ۴ / ۳۸۰ |
| ۱۸ | بھائی کی ساس | بھابھی/ بھاوج کی والدہ | نجم الفتاوی ۴ / ۳۸۷ |

Scanned with CamScanner

Scanned with CamScanner

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۹ | بہن کی ساس | بہنوئی کی والدہ | |
| ۲۰ | بیوی کی خالہ | ساس کی بہن | نجم الفتاوی ۴/ ۳۸۵ |
| ۲۱ | بیوی کی ممانی | ساس کی بھابھی/ بھاوج | نجم الفتاوی ۴/ ۳۶۱ |
| ۲۲ | بیوی کی پھوپھی | سسر کی بہن | آپ کے مسائل اور ان کا حل ۵/ ۹۲ |
| ۲۳ | بیوی کی چاچی/تائی | سسر کی بھابھی/ بھاوج | فتاوی محمودیہ ۱۱/ ۲۷۳ |
| ۲۴ | بیوی کی بھتیجی | سالے (برادر نسبتی) کی بیٹی | فتاوی محمودیہ ۱۱/ ۲۸۸ |
| ۲۵ | بیوی کی بھانجی | سالی کی بیٹی | کتاب النوازل ۱۵/ ۳۷۹ |
| ۲۶ | سلہج/سلج | سالے (بیوی کے بھائی) کی بیوی/ بیوی کی بھابھی/ بھاوج | |
| ۲۷ | بہو کی دادی | سمدھن (بہو کی والدہ) کی ساس | نجم الفتاوی ۴/ ۳۸۵ |
| ۲۸ | بہو کی نانی | سمدھن (بہو کی والدہ) کی والدہ | نجم الفتاوی ۴/ ۳۸۵ |
| ۲۹ | داماد کی دادی | سمدھن (بیٹی کی ساس) کی ساس | نجم الفتاوی ۴/ ۳۸۵ |
| ۳۰ | داماد کی نانی | سمدھن (بیٹی کی ساس) کی والدہ | نجم الفتاوی ۴/ ۳۸۵ |
| ۳۱ | داماد کی بہن | بیٹی کی نند/ سمدھن کی بیٹی | نجم الفتاوی ۴/ ۳۸۳ |
| ۳۲ | داماد کی خالہ | سمدھن (بیٹی کی ساس) کی بہن | نجم الفتاوی ۴/ ۳۸۵ |
| ۳۳ | داماد کی ممانی | سمدھن (بیٹی کی ساس) بھاوج/ بھابھی | نجم الفتاوی ۴/ ۳۸۵ |
| ۳۴ | داماد کی پھوپھی | سمدھن (بیٹی کی ساس) کی نند | نجم الفتاوی ۴/ ۳۸۵ |
| ۳۵ | داماد کی چاچی/تائی | سمدھن (بیٹی کی ساس) کی دیورانی/جیٹھانی | نجم الفتاوی ۴/ ۳۸۵ |
| ۳۶ | داماد کی بھتیجی | سمدھن کی پوتی | نجم الفتاوی ۴/ ۳۸۵ |
| ۳۷ | داماد کی بھانجی | سمدھن کی نواسی | نجم الفتاوی ۴/ ۳۸۵ |
| ۳۸ | متبنیہ | منہ بولی بیٹی | آپ کے مسائل اور ان کا حل ۵/ ۹۷ |
| ۳۹ | منہ بولی بہن | | آپ کے مسائل اور ان کا حل ۵/ ۹۷ |
| ۴۰ | منہ بولی والدہ | | آپ کے مسائل اور ان کا حل ۵/ ۸۷ |

واللہ اعلم بالصواب

فقط

نجم الحسن امروہوی

خادم الحدیث والافتاء جامعہ دار العلوم یاسین القرآن نارتھ کراچی

۲۰/۷/۱۴۴۲

دارالافتاء

10 MAR 2021

Scanned with CamScanner

Scanned with CamScanner